
Truth about the Church

# کلیسیا کے متعلق سچائی



## تعارف :-

ہم ایسے زمانہ میں زندگی گزار رہے ہیں جسے کلیسیائی دور کہا جاتا ہے اس زمانہ میں خداوند ایک ایسا بدن تیار کر رہا ہے جسے کلیسیا کہتے ہیں، یہ لوگ یعنی کلیسیا کو مسیح کا بدن بھی کہا جاتا ہے، یسوع کلیسیا کا سر ہے "کیونکہ شوہر بیوی کا سر ہے جیسے کہ مسیح کلیسیا کا سر ہے اور وہ خود بدن کا بچانے والا ہے " (افسیوں ۵ : ۲۳) نجات یافتہ ہونے کے لئے کلیسیا میں ہونا لازمی ہے۔

## آپ کس طرح کلیسیا میں شامل ہوتے ہیں :-

آپ کے لئے کلیسیا میں پیدا ہونا ضروری ہے یہ پیدائش آپکی اپنی ماں سے پیدائش کی مانند نہیں ہے آپ کے لئے دوبارہ پیدا ہونا ضروری ہے یسوع نے نیکدیمس سے کہا "تعجب نہ کر کہ میں نے تجھ سے کہا تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ضرور ہے " (یوحنا ۳ : ۷) یسوع نے نیکودیمس کو بتایا کہ اُس کے لئے پانی اور رُوح سے پیدا ہونا ضرور ہے ورنہ وہ خدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا (یوحنا ۳ : ۵)

اعمال ۲ باب میں سب سے پہلے لوگ کلیسیا میں شامل ہوئے تھے "کہ یکایک آسمان سے ایسی آواز آئی جیسے

زور کی آندھی کا سناٹا ہوتا ہے اور اُس سے سارا گھر جہاں وہ بیٹھے تھے گونج گیا اور انہیں آگ کے شعلوں کی سی پھٹتی ہوئی زبانیں دکھائی دیں اور اُن میں سے ہر ایک پر آ کر ٹھہریں اور وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور غیر زبانیں بولنے لگے جس طرح روح نے اُنہیں بولنے کی طاقت بخشی۔" (اعمال ۲: ۲-۴) وہاں ایک سو بیس لوگ تھے جو سب سے پہلے کلیسیا میں شامل ہوئے تھے، بہت سے لوگوں نے اس واقعہ کو دیکھا اور پوچھا کہ وہ کس طرح کلیسیا میں شامل ہو سکتے ہیں۔

"پطرس نے اُن سے کہا توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کے لئے یسوع مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تم روح القدس انعام میں پاؤ گے۔" (اعمال ۲: ۳۸)

تین ہزار لوگوں نے پطرس کے الفاظ کی فرمانبرداری کی اور اُس دن کلیسیا میں شامل ہوتے یہ واقعہ پینتیکوست کے دن رونما ہوا۔ (یہ یہودیوں کی عید تھی) ہم اُس کلیسیا کو جو اُس دن پیدا ہوئی تھی کاسٹل کلیسیا کہتے ہیں۔

یہ مسیح کا نجات یافتہ بدن، کلیسیا بڑی تیزی سے ترقی کر رہا تھا۔ جس طرح سے وعدہ کیا گیا تھا اُسی طرح سے اسکا بڑھنا جاری رہا۔ "اس لئے کہ یہ وعدہ تم اور تمہاری اولاد اور اُن سب دور کے لوگوں سے بھی ہے جنکو خداوند ہمارا خدا اپنے پاس بلائیگا۔" (اعمال ۲: ۳۹) آپ بھی کلیسیا میں شامل ہو سکتے ہیں آپکو بھی اسی طرح سے دوبارہ پیدا ہونا ہے جس طرح کے پہلے ایماندار اس میں دوبارہ پیدا ہوتے تھے کچھ لوگ یہ تعلیم دینا پسند کرتے ہونگے کہ ایک اور راستہ ہے لیکن ایسا نہیں ہے "مگر وہ دوسری نہیں البتہ بعض ایسے ہیں جو تمہیں گھبرا دیتے اور مسیح کی خوشخبری کو بگاڑنا چاہتے ہیں۔" (گلتیوں ۱: ۷) خدا ہمیں جھوٹے اُستادوں سے خبردار کرتا ہے اور ضرور ہے کہ ہم اُن سے محتاط رہیں وہ ہماری رہنمائی غلط راستے کی طرف نہ کریں۔

بائبل ہمیں بہت سے دوسرے لوگوں کے متعلق بتاتی ہے جو کلیسیا میں توبہ کر کے یسوع نام میں بپتسمہ لے کر اور روح القدس سے معمور ہو کر کلیسیا میں شامل ہوئے۔ سامری (اعمال ۸) کرنیلیس کا خاندان اور دوست (اعمال ۱۰) اور افسی (اعمال ۱۹) انہوں نے غیر زبانیں بھی بولیں جب وہ کلیسیا میں شامل ہوتے۔

تھوڑے ہی وقت میں                    (کلیسیا کے لئے دوسرا نام) کہ انہوں نے اپنی تعلیم سے یروشلم کو معمور کر دیا۔ بعد میں لوگ کہتے تھے کہ کلیسیا نے یسوع کے وسیلے نجات کی خوشخبری سے دنیا کو اُلٹ پلٹ کر رکھ دیا۔

## اصلاح

تمام لوگ غلط راستوں اور جھوٹی تعلیم کے منتاہ کو نہیں سمجھتے ہیں جنہوں نے خدا کی تعلیم کو چھوڑ کر انسان

کی تعلیم کی پیروی کرنا شروع کر دی۔ وہ کلیسیا کا حصّہ ہونے کا دعویٰ کرتے تھے لیکن وہ تھے نہیں، یسوع مسیح کی سچی کلیسیا ابھی بھی اُس کے نام سے منسوب تھی اور اُسکے روح سے معمور تھی۔ تاہم جھوٹے اُستادوں نے منظم کلیسیا اور حکومت پر قبضہ کر لیا تھا۔

وہ لوگ جو توبہ، یسوع نام میں بپتسمہ روح اُلقدس پاتے وقت غیر زبان بولنے کی تعلیم دیتے تھے اُنکو اذیتیں دی گئیں۔ لیکن پھر بھی وہ بائبل کی تعلیم پر ایمان رکھتے تھے۔ وہ بے دین لوگوں کی نہیں سُنتے تھے جن کا منظم کلیسیاء پر قبضہ تھا۔ سچائی پر قائم رہنے کی وجہ سے بہت سے لوگوں نے موت گوارا کی۔

آخر کار اور منظم کلیسیا کے رہنما جھوٹی تعلیم کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوئے انہوں نے منظم کلیسیاء کو واپس بائبل کی تعلیم کی طرف لانے کی کوششیں کی یہ چند اشخاص جان ویکلف، جان ہس، الیونیا روللا اور مارٹن لوتھر تھے۔ جنہوں نے اصلاح کی طرف رہنمائی کی لوگوں کو واپس بائبل کی سچائیوں کی طرف لانے کے لیے ان لوگوں نے بہت سے دُکھ سہے سچائیوں کو سکھانے پر جھوٹے نبیوں نے اُنکو بہت دکھ دیئے۔

## پینتی کاست کی طرف واپسی

انیسویں صدی کے شروع میں ٹوپیکا کنساس، ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں لوگوں کا ایک گروہ تھا۔ جو روح میں نئی پیدائش کا تجربہ رکھتے تھے، بالکل پینتکوست کے دن کی طرح انہوں نے نئی زبانیں بولیں جبکہ خدا نے اُنکو پاک روح سے معمور کیا۔ تب سے دنیا کے کروڑوں عوام روح القدس سے معمور ہوئے اور گواہی کے طور پر نئی زبانیں بولتے تھے۔

روح القدس جو تمام سچائی میں رہنمائی کرتا ہے بہت سے لوگوں پر ظاہر کیا کہ اُنکے لیے یسوع نام میں بپتسمہ لینا ضروری ہے، بائبل میں کلیسیاء میں شامل ہونے والے لوگوں نے اسی طرح بپتسمہ لیا تھا، پینتکوست کے دن پطرس نے جو تعلیم دی یسوع نام میں بپتسمہ اسی کا ایک حصّہ ہے تمام دنیا میں خدا کے لوگ بائبل کے مطابق نجات کے پورے پیغام کی منادی کر رہے ہیں۔

۱۹۴۵ء میں دو تنظیموں نے جو اسی پیغام کی منادی کر رہی تھیں دونوں نے اتحاد کر لیا اور یونائیٹڈ پنتیکاسٹل کلیسیاء کی بنیاد رکھی۔

## ہماری بنیادی تعلیم مندرجہ ذیل ہے

اس تنظیم کی بنیادی اور اہم تعلیم بائبل کے معیار کے مطابق کامل نجات ہوگی۔ جو کہ توبہ، خداوند یسوع مسیح کے نام میں پانی کا بپتسمہ بذریعہ غوطہ اور پاک روح کا بپتسمہ جسکا بنیادی نشان غیر زبان بولنا ہے جیسا کہ روح بولنے

کی طاقت ہے ہم اس وقت تک روح میں متحد رہنے کی کوشش کریں گے، جب تک ہم ایمان میں متفق ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح ہم تمام بھائیوں کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اپنے مختلف نظریات کے باعث بدن میں نا اتفاقی ڈالنے کی کوشش نہ کریں۔

**آرٹیکل آف فیتھ مینوئل**

**یونائیٹڈ پنتیکاسٹل چرچ انٹرنیشنل** (آئی این سی)

## ماخذ

"اور میں اس پتھر پر اپنی کلیسیاء بناؤں گا اور عالمِ ارواح کے دروازے اُس پر غالب نہ آئیں گے"

(متی ۱۶:۱۸) یسوع ابھی بھی اپنی کلیسیاء بنا رہا ہے آپ اسکا حصہ بن سکتے ہیں لیکن ابتدائی کلیسیاء کی طرح آپکو بھی دوبارہ پیدا ہونا ہے جو اُسکے بدن میں شامل ہو چکے ہیں اور یسوع کے لئے پاک زندگی گزارتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کو وہ ہمیشہ کے لئے آسمان پر رہنے کیلئے اپنے ساتھ لے جائیگا۔

http://www.sayadi-al-nas.com